# URDU
## (Second Language)

***Maximum Marks : 80***

***Time Allowed : Three Hours***

***Answer to this Paper must be written on the paper provided separately.***

*You will **not** be allowed to write during the first **15** minutes.*

*This time is to be spent in reading the question paper.*

***The time given at the head of this paper is the time allowed for writing the answers.***

*This paper comprises **two** sections; **Section A** and **Section B**.*

*Attempt **all** the questions from **Section A**.*

*Attempt **four** questions from **Section B,** answering at least **one** question each from the **two** books you have studied and **any two** other questions from the same books you have studied.*

*The intended marks for questions or parts of questions are given in brackets [ ].*

---

## SECTION—A (40 Marks)

(*Attempt **all** questions from this Section*.)

**Question 1**

Write a short composition in **Urdu** of approximately **250** words on any **one** of the following topics :— [15]

درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے :—

(۱) ''تندرستی کامیابی کا زینہ ہے'' کیا آپ اس جملے سے متفق ہیں؟ بتایئے کہ انسانی زندگی میں اچھی صحت کیوں ضروری ہے؟ آپ اپنی صحت کا کس طرح خیال رکھتے ہیں؟

(۲) کام کو کل پر ٹالنے سے دل پر بوجھ بڑھتا ہے جبکہ کل کرنے والے کام کو آج ہی پورا کر لینے سے ہماری کام کی صلاحیت بڑھتی ہے اور دماغی سکون بھی ملتا ہے۔ بتایئے ایک طالب علم کے لئے وقت کی پابندی کی کیا اہمیت ہے؟

(۳) سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی انسان کی سہولیات میں مددگار ثابت ہوئی ہے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ وبال جان بھی بن گئی ہے۔ یہ بات کس حد تک صحیح ہے۔ اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(۴) ''کھودا پہاڑ نکلی چوہیا'' اس محاورے پر مبنی کوئی دلچسپ کہانی لکھئے۔

---

**This Paper consists of 11 printed pages and one blank page.**



© *Copyright reserved.*

(۵) نیچے دی گئی تصویر کا جائزہ لیجئے۔اس تصویر سے آپ کے ذہن میں جو خیالات ابھرتے ہیں اس کی تفصیل بیان کیجئے۔



**Question 2**

Write a letter in **Urdu** in approximately **120** words on any **one** of the topics given below:– [7]

نیچے دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر لگ بھگ ۱۲۰ الفاظ پر مشتمل اردو میں خط لکھئے :—

(۱) اپنے والد کے کسی کام کے سلسلے میں آپ ٹرین سے آگرہ گئے تھے۔واپسی میں آپ کا ایک بیگ جس میں آپ کے والد کا شناختی کارڈ، کچھ ضروری کاغذات اور پیسے بھی تھے، غلطی سے ٹرین میں چھوٹ گیا۔جس کی وجہ سے آپ سب بہت پریشان تھے۔ایک ہفتے کے بعد رام پرساد نام کے ایک اجنبی نے وہ بیگ آپ کے والد کو لا کر دیا۔ آپ کی ان سے ملاقات نہیں ہو سکی۔اس لئے اس اجنبی کو خط لکھ کر شکریہ ادا کیجئے۔

(۲) کسی اخبار کے ایڈیٹر کو شکایت درج کیجئے کہ اخبار میں زیادہ اشتہارات ہی ہوتے ہیں اور خبریں کم۔ایسے اشتہارات چھاپنے سے منع کریں جس سے طلباء کے ذہن بہک جائیں۔

**Question 3**

Read the passage given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :—

بہت کم لوگوں کو یہ بات معلوم ہے کہ دورِ جدید کے علم جراحی یعنی سرجری (Surgery) کے فن کی باقاعدہ ابتداء ایک مسلمان نے کی اور اس فن کے لئے ایسے اصول بنائے کہ آج تک ان پر عمل ہو رہا ہے۔ اس مسلمان طبیب کا نام ابوالقاسم زہراوی تھا۔ وہ ۹۳۶ء میں اندلس میں قرطبہ کے مدینۃ الزہرہ میں پیدا ہوئے اور اسی جگہ کی نسبت سے الزہراوی کہلائے۔ ان کا ایک بہت بڑا کارنامہ یہ تھا کہ انھوں نے سرجری کے آلات خود بنائے اور آپریشن میں ان کا استعمال کیا۔ ان میں سے بہت سے آلات اب بھی سرجری میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

ابوالقاسم جس زمانے میں پیدا ہوئے وہ اموی خلیفہ عبدالرحمٰن کا دور تھا۔ قرطبہ میں پچاس سے زیادہ دواخانے تھے۔ لوگوں کے علاج کا بہترین انتظام تھا طبیبوں کی تعلیم و تربیت کے لئے ایک بڑا تعلیمی مرکز بھی قائم کیا گیا تھا جس کے کتب خانے میں دو لاکھ کتب تھیں۔ ابوالقاسم نے اسی تعلیمی مرکز میں تعلیم حاصل کی اور پھر شاہی شفاخانے میں کام کرنا شروع کر دیا۔ انھیں سرجری سے خاص دلچسپی تھی لہذا انھوں نے اسی شعبے میں مہارت حاصل کرنے کی کوشش کی اور بہت جلد ان کی شہرت دور دور تک پھیل گئی اور انھیں شاہی طبیب مقرر کر دیا گیا۔

سرجری میں مہارت حاصل کرنے کے بعد ابوالقاسم نے ایک کتاب ''التصریف'' کے نام سے لکھی۔ یہ طب کے موضوع پر ایک مستند کتاب تھی۔ یہ درحقیقت ایک طبی انسائیکلوپیڈیا تھی جو تیس جلدوں پر مشتمل تھی۔ اس میں بیماریوں کے اسباب اور ان کے علاج کی تفصیل تھی۔ کتاب کی تین جلدوں میں صرف سرجری کے بارے میں بتایا گیا تھا اور ان تینوں جلدوں کو سب سے زیادہ شہرت حاصل ہوئی۔ ان میں خاص بات یہ تھی کہ ابوالقاسم نے خود مختلف بیماریوں کے سلسلے میں جو آپریشن کئے ان کا تفصیل سے ذکر تھا۔

کتاب 'التصریف'' میں دانتوں، آنکھوں، حلق، ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنے کا ذکر ہے۔ اس کے علاوہ سر کے آپریشن کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ ابوالقاسم کی اس کتاب میں سرجری کے ان آلات کی تصویریں اور خاکے بھی دیئے گئے ہیں جو انھوں نے خود ایجاد کئے اور انھیں آپریشن میں استعمال کیا۔

یہ کتاب صدیوں تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں پڑھائی جاتی رہی ہے۔عربی سے سب سے پہلے اس کا ترجمہ 1497ء میں لاطینی زبان میں وینس میں ہوا۔اس کے بعد فرانسیسی اور پھر انگریزی زبان میں ہوا۔ ۱۹ویں صدی کے آخر تک اس کتاب کی اہمیت باقی رہی۔آج بھی اس کتاب کو طب کی تاریخ میں بہت اہم اور مفید سمجھا جاتا ہے۔اس کا انگریزی ترجمہ ہمدرد یونیورسٹی میں موجود ہے۔ ابوالقاسم نے اپنے علم اور تجربے سے سرجری کے فن کو جو فائدہ پہنچایا ہے اس کا اعتراف آج بھی کیا جاتا ہے۔

(۱) ابوالقاسم زہراوی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟ اس وقت کس خلیفہ کا دور تھا؟ [2]

(۲) ابوالقاسم کو طب کے کس شعبہ سے خاص دلچسپی تھی؟ اس شعبے میں مہارت اور شہرت حاصل کرنے کے بعد ان کو کون سا عہدہ دیا گیا؟ [2]

(۳) ابوالقاسم کی کتاب ''التصریف'' میں کس طرح کے علاج کا ذکر اور تصاویر موجود ہیں؟ [2]

(۴) کتاب ''التصریف'' کس زبان میں ہے اور اس کا ترجمہ کن کن زبانوں میں ہوا؟ [2]

(۵) خط کشیدہ جمع الفاظ کے واحد لکھیے۔ [2]

**Question 4**

Answer the following questions according to the instructions given.

Choose the correct option :— [8]

مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات چن کر لکھیے :—

1. '' شکل'' کی جمع؟

(a) مشکل (b) شکائیل

(c) اشکال (d) مشکول

2. ''امداد'' کا واحد؟

(a) مدت (b) مدد

(c) مدیں (d) مرد

.3 ''اعلیٰ'' کی ضد؟

(a) اعظم
(b) عالیہ
(c) ادنیٰ
(d) عظیم

.4 ''نواسا'' کا مؤنث؟

(a) پوتی
(b) نواسی
(c) ناتی
(d) چوراسی

.5 ''عالمہ'' کا مذکر؟

(a) معلوم
(b) تعلیم
(c) عالم
(d) معلّمہ

.6 درست املا والے لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

(a) آغاذ
(b) آغاض
(c) آغاظ
(d) آغاز

.7 ''سزا'' کی ضد؟

(a) خطا
(b) جزا
(c) وفا
(d) عطا

.8 درست جملے کی نشاندہی کیجئے۔

(a) اخبار کا مضمون بچپن کے بارے میں تھی۔
(b) کرپاشنکر اچھا پڑوسی تھی۔
(c) مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔
(d) تمہاری قلم بہت باریک ہے۔

**SECTION—B (40 Marks)**

*Questions from only **two** textbooks are to be answered.*

*Attempt any **four** questions from this Section.*

*You must answer at least **one** question from each of the two books, you have studied and any **two** other questions from the same books that you have chosen.*

## لازوال مرقعے (حصہ نثر)
## LAZAWAL MURAQQE (PROSE)

**Question 5**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''مغرب کی نماز کے بعد مولوی صاحب روز وعظ کہتے تھے، آج بھی کہا، اس میں کافی دیر لگی، کچھ لوگ اٹھ اٹھ کر چلے گئے۔ فخرو اور اس کے دوست نے بھی پہلو بدلا، پر بیرسٹر ماموں نے ان کو ایسا گھورا کہ وہ پھر دبک کر بیٹھ گئے۔
آخر کار وعظ ختم ہوا لوگ باہر نکلے اور فخرو کو ایک ہی لمحے بعد پتہ چل گیا کہ اس کا نیا بوٹ جوتا غائب ہے۔''

(۱) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اس کی مصنفہ کون ہیں؟ [2]

(۲) یہ جوتا فخرو کو کس نے دیا تھا؟ بیرسٹر ماموں نے جوتے کا کیا نام تجویز کیا؟ [2]

(۳) جوتے کو ڈھونڈنے کے لئے کیا کیا کیا گیا؟ [3]

(۴) ''پر اللہ سے دعا ضرور مانگوں گا.........اور اس کی کریمی سے کچھ دور نہ ہے وہ پھر دیوے گا''۔ یہ جملے فخرو کہاں اور کس سے کہتا ہے اور پھر اس کے بعد کیا کرتا ہے؟ [3]

**Question 6**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''ایک مہینے سے زیادہ عرصہ گزر گیا۔ اس دوران میں اختر پر دل کے تین دورے پڑے جو شدید نہیں تھے۔ اب اس کی حالت بہتر تھی، نقاہت دور ہو رہی تھی۔ اعصاب میں پہلے سا تناؤ بھی نہ تھا۔ دل کی رفتار ٹھیک تھی۔ ڈاکٹروں کا خیال تھا کہ وہ اب خطرے سے باہر ہے لیکن ان کا تعجب بدستور قائم تھا.................''

(۱) مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف کون ہیں؟ وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ [2]

(۲) اختر کو دل کی کون سی بیماری تھی؟ ڈاکٹروں کو کس بات کا تعجب تھا؟ [2]

(۳) اختر کی عمر کیا تھی وہ کہاں ملازم تھا اور کس طرح کی زندگی گزار رہا تھا؟ [3]

(۴) اسپتال میں اختر کی دوستی کس سے ہوگئی تھی؟ اس لڑکے کو کیا بیماری تھی؟ [3]

**Question 7**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''صبح ہوتے ہی میرے دل میں خیال آیا کہ بھولا سوچتا ہوگا کہ کل رات بابا نے میری بات کس طرح برداشت کی۔ میں اس خیال سے لرز گیا کہ بھولے کے دل میں کہیں یہ خیال نہ آیا ہو کہ اب بابا میری پرواہ نہیں کرتے''۔

(۱) مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف کون ہیں؟ ان کو کون کون سے ایوارڈس ملے؟ [2]

(۲) بھولا کا جسم اور آواز کیسی تھی؟ بھولا کو کس چیز کا شوق تھا؟ [2]

(۳) بھولا نے کہانی سنانے کی ضد کی تو بابا جی نے کیا کہہ کر ٹال دیا اور کیوں؟ [3]

(۴) مایا کے لئے کون سی باتیں بے معنی تھیں؟ [3]

## لازوال مرقعے (حصہ نظم)

## LAZAWAL MURAQQE (POEM)

**Question 8**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

یاں زہر دے تو زہر لے، شکّر میں شکّر دیکھ لے
نیکوں کو نیکی کا مزہ، موذی کو ٹکّر دیکھ لے
موتی دے موتی ملے، پتھر میں پتھر دیکھ لے
گر تجھ کو یہ باور نہیں تو تو بھی کر کر دیکھ لے
کلجگ نہیں کر جگ ہے یہ، یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے، اس ہات دے اس ہات لے

(۱) اس نظم کے شاعر کون ہیں؟ ان کا ذریعۂ معاش کیا تھا؟ [2]

(۲) اس نظم کے شاعر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ان کی شاعری کا موضوع کیا ہوتا ہے؟ [2]

(۳) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ [3]

(۴) شاعر نے اس نظم میں کیا پیغام دیا ہے؟ [3]

**Question 9**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حق بندگی ہم ادا کر چلے
پرستش کی یاں تک کہ اے بت تجھے
نظر میں سبھوں کے خدا کر چلے
گئی عمر در بند فکر غزل
سو اس فن کو ایسا بڑھا کر چلے

(۱) میرؔ کی اس غزل کا مطلع لکھئے۔ [2]

(۲) میرؔ کی کسی دو مثنویوں اور تصانیف کے نام لکھئے۔ [2]

(۳) کس بات کو میرؔ کی شاعری کا کمال کہا گیا ہے؟ [3]

(۴) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی [3]
حقِ بندگی ہم ادا کر چلے
اس شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے۔

**Question 10**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

ہم تو سمجھتے تھے کہ اک زخم ہے بھر جائے گا — کیا خبر تھی کہ رگ جاں میں اتر جائے گا
وہ جب آئے گا تو پھر اس کی رفاقت کے لئے — موسم گل مرے آنگن میں ٹھہر جائے گا
آخرش وہ بھی کہیں ریت پہ بیٹھی ہوگی — تیرا یہ پیار بھی دریا ہے اتر جائے گا
مجھ کو تہذیب کے برزخ کا بنایا وارث
جرم یہ بھی مرے اجداد کے سر جائے گا

(۱) اس غزل کو لکھنے والی شاعرہ کا نام لکھئے۔ وہ کس شاعر سے متاثر تھیں؟ [2]

(۲) اس غزل کا مطلع لکھئے۔ [2]

(۳) اس غزل میں استعمال ہونے والے ردیف وقافیے لکھئے۔ [3]

(۴) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ [3]

## دروازے کھول دو—ڈراما (کرشن چندر)

## DARWAZE KHOL DO—DRAMA (Krishan Chander)

### Question 11

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''کریم اللہ : پنڈت رام دیال یہ کتنی شرم کی بات ہے کہ ایک انسان چار اینٹوں کی چھت کے لئے اپنا نام، اپنا مذہب، اپنی تہذیب بدلنے کے لئے مجبور کر دیا جائے۔ اس سے زیادہ بھیانک اور خوفناک بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا............''

(۱) کمل کنج کہاں واقع ہے؟ اس بلڈنگ کا نام اس طرح کیوں رکھا گیا ہے؟ [2]

(۲) پہلے کرایہ دار اپنا نام کیا بتاتے ہیں مگر حقیقت میں اُن کے نام کیا تھے؟ [2]

(۳) کریم اللہ کون تھے؟ وہ کنیڈا سے ہندوستان کیوں آئے؟ [3]

(۴) پنڈت رام دیال کا سلوک اچانک اپنے پہلے کرایہ دار سے کیوں بدل گیا؟ [3]

### Question 12

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''لچھو : ان کو آپ کا سب سے اوپر کا فلیٹ پسند آیا ہے سات کمروں والا..............

رام دیال: مگر یہ سیٹھ ہے کون؟..................''

(۱) سیٹھ رام دیال کو دیکھ کر کیا کہتا ہے؟ آنے والا سیٹھ کتنی پگڑی اور کرایہ دینے کو تیار تھا؟ [2]

(۲) سیٹھ کون سے ریسٹورنٹ کا مالک تھا؟ اور یہ ریسٹورنٹ کہاں کہاں تھے؟ [2]

[3] (۳) سیٹھ کی بیوی کا نام کیا تھا؟ اور اس کو فلیٹ میں کیا کمی نظر آ رہی تھی؟

[3] (۴) رام دیال کو ان کے ہندو ہونے پر کیوں شک ہو رہا تھا؟ اور پھر یہ شک کس طرح دور ہوتا ہے؟

**Question 13**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''رام دیال : ہے بھگوان۔ میرا تو دھرم بھرشٹ ہو گیا۔
(مٹھیاں کس کر) نکل جاؤ بدمعاشو! ابھی چلے جاؤ۔ میرے گھر سے نکل جاؤ۔

کمل کانت : پتا جی

رام دیال : (چیخ کر) میں مر جاؤں گا۔ مگر جیتے جی ان کو کبھی اپنی بلڈنگ میں گھسنے نہیں دوں گا۔ سنتے ہو نکل جاؤ۔''

[2] (۱) ڈاکٹر رام دیال کو کیا دھمکی دیتا ہے؟

[2] (۲) رام بھروسے کون ہے اور کیا کیا سامان لے کر کمل کنج پہنچتا ہے؟

[3] (۳) کمل کانت اپنے پتا کو دل کا دورہ پڑنے پر ڈاکٹر سے کیا التجا کرتا ہے؟

[3] (۴) رام دیال کی بلڈنگ کو کن کن لوگوں نے مل کر بنایا تھا؟

## ناول۔ نصوح کا خواب (توبتہ النصوح) — ڈپٹی نذیر احمد

## NOVEL–NUSUH KA KHAWAAB (TAUBAT-UN-NUSUH)- by DY. NAZEER AHMED

**Question 14**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''میں نے کانٹے بوئے، ان کے ساتھ دشمنی کرتا رہا اور جانا کہ میں ان کی بہتری چاہتا ہوں، میں جو غور کرتا ہوں تو کھیل کود کی جتنی خراب عادتیں ہیں، حقیقت میں اُن کا بانی اور معلم میں ہوں۔''

[2] (۱) مندرجہ بالا عبارت کون کس سے کہہ رہا ہے؟

[2] (۲) نصوح کس بیماری میں مبتلا رہا؟ اور یہ بیماری اس کے شہر میں کب تک رہی؟

(۳) بیماری سے اٹھنے کے بعد جب نصوح نماز پڑھنا چاہتا تھا تو اس کی بیوی نے کیا کہا؟ [3]

(۴) فہمیدہ کے خیال میں بچوں کا بدلنا ناممکن کیوں ہے؟ [3]

**Question 15**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''لیکن میں تم سے سننا چاہتا ہوں کہ تم اس فرض کی تکمیل کہاں تک کرتے ہو؟

بیٹا : جناب، شاید اگر میں اس کو ہمدردی کہہ سکوں تو مدرسے کا جولڑکا مجھ سے کچھ پوچھنا یا پڑھنا چاہتا ہے، میں اس میں مطلق دریغ نہیں کرتا، گو میرا ذاتی حرج بھی ہوتا ہو۔''

(۱) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ [2]

(۲) علیم نے پیسے کس کے لئے خرچ کئے اور کیسا محسوس کیا؟ [2]

(۳) مندرجہ بالا اقتباس سے پہلے مصنف نے کون سا شعر لکھا ہے؟ [3]

(۴) خاں صاحب نے گھر کی کون کون سی چیزیں بنئے کے سامنے رکھیں اور کیوں؟ [3]

**Question 16**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''مغرب کے بعد سے برابر میرے پاس بیٹھا تھا۔ میں اس کو سمجھاتی رہی۔ تمہارا خط آیا۔ اس کو پڑھا۔ اتنے میں صالحہ کی ڈولی آ پہنچی، میں اس سے باتیں کرنے لگی۔ پھر لوگوں کو کھانا دیا۔ اس میں کوئی پہر ڈیڑھ پہر رات چلی گئی۔ سونے کو جو گئی تو دیکھا کہ مکان خالی پڑا ہے۔''

(۱) صالحہ کون تھی؟ [2]

(۲) نعیمہ اور کلیم نے گھر کب چھوڑا؟ [2]

(۳) کلیم کے دونوں کمروں کے نام کیا تھے؟ یہ کمرے کس کام کے لئے تقسیم کئے گئے تھے؟ [3]

(۴) کلیم کے کمرے کی زیب و آرائش دیکھ کر نصوح کیا سوچتا ہے؟ [3]